# Directorate of education GNCT of delhi

## Practice question paper (2022-23)

Subject: urdu B

Class: I X

Code: 303

Time: 3hrs max.marks: 80

1اس سوال نامے میں کل 12 سوالات ہیں

2یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے

3ہر حصّے میں دی ہی ہدایت کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیں

4سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے

5جواب لکھتے وقت اس کا درست نمبر لکھنا ہرگز نہ بھولیں

6جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوشخط کا خاص خیال رکھیں

## Section A حصّہ الف

1درج ذیل دونوں درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیئے.(1x10=10)

**الف**

ملا نصر الدین کوئی خیالی کردار نہیں۔ البتہ بے شمار من گھڑت واقعات اس کی ذات سے منسوب کر دیے گئے ہیں۔ ملا کی زندگی میں ایسے واقعات بہت ہوئے جو اپنے انوکھے پن اور ذہانت کی وجہ سے ہمیشہ دل چسپی کا باعث رہیں گے۔ یہی واقعات من کی ہر دل عزیزی اور لازوال شہرت کا باعث ہیں۔ ہر محفل کو گرم کرنے کے لیے آج بھی ملا کی یاد تازہ کی جاتی ہے۔

ملا ہنسیں ہنسیں میں اہم اور ٹیڑھی باتیں اور باریک نکتے، بالکل سیدھے سادے طور پر سمجھادیتا تھا۔اس کا مزاح اور طنز آمیز باتیں دل پر فوراًاثر کرتیں۔ سننے والے ہنستے ہنستے زندگی کی کسی بڑی حقیقت پر غور کرنے لگتے

(i)مندرج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii)ملا کیسا کردار نہیں تھا؟

(iii)ملا کی یاد کس لئے تازہ کی جاتی ہے؟

(iv)ملا کی زندگی میں کیسے واقعات دلچسپی کا باعث رہے؟

(v)ملا کی کس طرح کی باتیں دل پر اثر کرتی ہیں؟

**ب**

دونوں کا مسکن ہندوستاں ہے

دو بلبلیں ہیں ایک گلستاں ہے

اک سرزمیں ہے اک آسماں ہے

دونوں کا ایک جا سود وزیاں ہے

نااتفاقی آزار جاں ہے

مل جل کے رہنا ہے کامرانی

ہندو مسلمان قومیں پرانی

(i)مندرجہ ذیل شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii)شاعر کا دونوں سے یہاں کیا مراد ہے؟

(iii)نااتفاقی کو آزار جاں کیوں کہا گیا ہے؟

(iv)کامرانی کا راز کیا ہے؟

(v)کون سی قومیں پرانی ہیں؟

**2درج ذیل دونوں غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئیے۔**(1x10=10)

**الف**

جوان رات کے سینے پہ دودھیا آنچل
مچل رہا ہے کسی خواب مرمریں کی طرح
حسیں پھول حسیں پتیاں حسیں شاخیں
لچک رہی ہیں کسی جسم نازنیں کی طرح
فضا میں گھل سے گے ہیں افق کے نرم خطوط
زمیں حسین ہے خوابوں کی سرزمیں کی طرح
تصورات کی پرچھایاں ابھرتی ہیں
کبھی گمان کی صورت کبھی یقیں کی طرح

(i)شاعر نے زمیں کو کس کے مانند بتایا ہے؟

(ii)فضا میں کیا گھل رہے ہیں؟

(iii)تصورات کی پرچھایاں کس کی طرح ابھرتی ہیں؟

(iv)جوان رات کے سینے پر کیا ہے؟

(v)مصرع مکمل کیجئے

حسیں پھول حسیں پتیاں.........

## ب

بکٹیریا صرف خورد بین سے نظر آنے والے ایک خلیے والے جاندار ہوتے ہیں. جہاں کہیں بھی زندگی ممکن ہے وہاں بیکٹیریا ملتے ہیں . یہ پودوں کی سب سے چھوٹی قسم ہے. یہ سمندر کی تہ، سمندر کی کنارے، مردہ اور گلے سڑھے پودوں، جانوروں وغروہ میں سب جگہ مل جاتے ہیں. سمندر کے پانی کے ایک قطرے میں کروڑوں بکٹیریا ہوتے ہیں. ان میں سے کچھ اپنا کھانا خود بنا سکتے ہیں جب کہ کچھ اپنے کھانے کے لئے دوسروں پر منحصر ہوتے ہیں جنہیں پراسایٹ (طفیلی) بھی کہا جاتا ہے. بہت سے جانوروں کی پسندیدہ غذا بیکٹیریا ہوتے ہے جیسے سمندری کیکڑا، کیڑے اور سیپی. یہ پڑ پودوں اور جانوروں کے سڑنے گلنے میں مدد کرتے ہیں.

(i. بیکٹیریا کتنے خلیے والے جاندار ہوتے ہیں؟

ii بیکٹیریا کہاں ملتے ہیں؟.

(iii. سمندر کے پانی کے ایک قطرے میں کتنے بیکٹیریا ہوتے ہیں؟

iv پراسایٹ کیسے کہا جاتا ہے؟

(v پڑ پودوں اور جانوروں کے سڑنے گلنے میں کون مدد کرتا ہے؟

## Section B حصّہ ب

3 میرے والدین کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کریں (1x10=10)

4 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کروانے کے لئے ایک درخواست لکھیے. (1x5=5)

5 منشی پریم چند کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے؟ (1x5=5)

یا

وقت کی اہمیت پر روشنی ڈالیے

6افسر میرٹھی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے (1x5=5)

یا

اسمعیل میرٹھی کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے

## Section C حصّہ ج

7درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے

(i)کسی شخص، جگہ ،اور کیفیت کے نام کو کیا کہتے ہیں (8x2=16)

(A)صفت

(B)ضمیر

©اسم

(D)متضاد

(ii)پردہ کا جمع بتائے

(A)پردوں

(B)پردے

©پردیوں

(D)پردی

(iii)قومیں کا واحد بتائے؟

(A)قوموں

(B)قومی

©قوم

(D)کوم

(iv)عزت کا متضاد بتائے

(A)ذلّت

(B)شاباشی

©اتفاق

(D) کامیابی

(v)وہ الفاظ جو معانی میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں اسے کیا کہتے ہیں

(A)سابقہ

(B)لاحقہ

©مترادف

(D)اسم

(vi)وہ لفظ جو اسم کی جگہ پر استعمال ہوتے ہیں

(A)صفت

(B)ضمیر

©اسم

(D)واحد

(vii)کلام میں ایسے الفاظ لانا جہاں کسی ایک چیز کو دوسری چیز کے مشابہ بتایا جائے اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A)تشبیہ

(B)استعارہ

© قافیہ

(D) تلمیح

(viii)آسان کا متضاد بتایئے

(A)شکست

(B)مشکل

©پریشانی

(D)خوشحالی

## حصّہ د Section D

8 مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے (4x1=4)

آنکھ سے اوجھل ہونا

ٹس سے مس نہ ہونا

نظر بچانا

نو دو گیارہ ہونا

9(i)ہاتھی کی روٹی کسی ہوتی تھی؟ (2)

ii گھونسلا دیکھ کر بچوں کے دل میں کیا خوائش پیدا ہوئی ؟ (2)

(iii)گاؤں پنچایت مضمون کا خلاصہ لکھیے؟ (2)

10(i)سند باد جہازی کا ایک سفر کس زبان کی کہانی ہے؟ (1)

(ii)ڈاکٹر ذاکر حسین کہاں پیدا ہوئے؟ (1)

11(i)دنیا میں وقت کی تلافی کیوں ممکن نہیں ہے؟ (2)

(ii)سنو! یہ کسی آواز آرہی ہے........ مصرع مکمل کیجئے (2)

12(i) نظم بہادر بنو کے شاعر کا نام بتایئے؟ (1)

(ii)ہے یہاں عزت کا صحراا اس کے سر (1)

جس سے پہنچے نفع سب کو بیشتر

یہ مصرع کس نظم سے لیا گیا ہے

(iii) شاخوں کا بنالیا ہے جھولا (1)

چادر ایک نور کی تنی ہے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال میں لائی گئی ہے